# 13-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کل نیا بھو بھارتی قانون اور بھو بھارتی لینڈ پورٹل کا رسمی افتتاح کریں گے۔

۲۔ریاستی وزیراتم کمار ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاست میں ایس سی زمرہ بندی پر عمل کیلئے کل جی او جاری کیا جائے گا۔

۳۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مرکز کی بی جے پی حکومت ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی وراثت کی حفاظت اور عزت افزائی کی پابند ہے۔

۴۔حیدرآباد ایرپورٹ میٹرو لمیٹڈ کے ایم ڈی، این وی ایس ریڈی نے کہا کہ ایم جی بی ایس سے چندرائن گٹہ کے درمیان میٹرو کی توسیع کے کام تیز رفتاری سے جاری ہیں۔

KISHAN REDDY:

کل ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کا 134واں جنم دن ہے۔اس موقع پر مرکزی وزیر اور تلنگانہ بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے خیریت آباد حلقہ کے بنجارہ ہلز میں جی وی کے سرکل اور سکندرآباد حلقہ کے سیتا پھل منڈی میں امبیڈکر کے مجسموں کی صفائی اوران کی گلپوشی کرتے ہوئے دلی خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس پروگرام کے دوران میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بی جے پی حکومت دستور ہند کے معمار اور سماجی انصاف کے علمبردار ڈاکٹر امبیڈکر کی وراثت کی حفاظت اور عزت افزائی کی پابند ہے۔انہوں نے امبیڈکر کے دستور کی یاد میں بی جے پی زیر قیادت حکومت کے کئی اقدامات کو نمایاں کیا۔انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے امبیڈکر کی زندگی سے متعلق پانچ اہم مقامات کو پنچ تیرتھ کی حیثیت سے ترقی دی ہے جن میں مدھیہ پردیش کے مہو میں امبیڈکر کی پیدائش کی جگہ بھی شامل ہے جہاں قومی اہمیت کی ایک یادگار بنائی گئی ہے۔بی جے پی کے ملک گیر پروگرام کے تحت ملک بھر کے پارٹی کارکن امبیڈکر کے مجسموں کی صفائی کررہے ہیں اور انہیں سجا رہے ہیں اور ان کا یوم کا یوم پیدائش منانے کے لئے تقریبات کا اہتمام کررہے ہیں۔انہوں نے سماج کے تمام طبقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ امبیڈکر جینتی تقریبات میں جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیں اور اسے کامیاب بنائیں۔

Sound Byte

METRO:

حیدرآباد ایرپورٹ میٹرو لمیٹڈ کے ایم ڈی، این وی ایس ریڈی کہا ہے کہ میٹرو ریل کی توسیع کے تحت ایم جی بس اسٹیشن سے

چندرائن گٹہ تک 7.5 کلومیٹر کی پٹی پر متاثرہ جائیدادیں حاصل کرنے کا کام تیزی سے جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ متاثرہ جائیدادوں کے حصول اور انہیں توڑنے کا کام مقامی لوگوں کے مکمل تعاون سے سرگرمی سے جاری ہے۔ اِس پٹی پر متاثرہ ایک ہزار ایک سو جائیدداوں میں سے 205 جائیدادوں کیلئے 212 کروڑ روپے کا معاوضہ جاری کیا جاچکا ہے۔انہوں نے کہا کہ اِس روٹ کی دونوں طرف الکٹرک ٹیلی فون اور دوسرے حساس کیبلس کو انجینئرنگ کی ٹیمیں احتیاط سے ہٹارہی ہیں تاکہ متاثرہ جائیدادوں کو توڑنے کا کام حفاظ سے انجام دیا جاسکے۔کئی عمارتوں اور ڈھانچوں کو توڑا گیا ہے اور سڑک کی توسیع کیلئے ملبہ صفاف کیا جارہا ہے۔

PONGULETI:

زمینوں کے ریکارڈس میں شفافیت لانے اور زمینوں کی سیکورٹی کو مضبوط بنانے کے ایک اہم قدم میں تلنگانہ حکومت کل ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے 134 ویں جنم دن کے موقع پر بھو بھارتی قانون اور بھو بھارتی ویب سائٹ کو قوم کے نام کرے گی۔محکمہ مال، امکنہ، اطلاعات اور تعلقاتِ عامہ کے وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے آج سکریٹریٹ میں ہونے والی ایک پریس کانفرنس میں یہ اعلان کیا۔وزیر نے بتایا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اِس نئے قانون اور پورٹل کا باقاعدہ افتتاح کریں گے۔ زمین کے حقوق خاص طور پر کسانوں کے حق کی حفاظت کے لئے اسے ایک بڑا قدم قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھو بھارتی قانون زمین سے متعلق دھاندلیوں کو دور کرنے اور ملکیت کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے حکومت کے وعدہ کی تکمیل ہے۔ اِس پورٹل اور قانون پر تجرباتی بنیادوں پر مختلف ضلعوں کے چنندہ تین منڈلوں میں شروع میں عمل کیا جائے گا۔ اس کے نتیجہ کی بنیاد پر 2 جون تک پوری ریاست میں اِس نظام پر عمل کیا جائے گا۔وزیر نے کہا کہ پچھلی حکومتیں کے برخلاف بھو بھارتی قانون کسانوں، دانشوروں اور ماہرین کے ساتھ صلح مشورہ کے ذریعہ بنایا گیا ہے جبکہ پچھلی حکومتوں نے جلد بازی میں عوام کی رائے حاصل کئے بغیر ایسا کیا تھا۔انہوں نے یقین دلایا کہ نیشنل انفارمیٹکس سنٹر کے ساتھ اشتراک کے ذریعہ نیا پورٹل بنایا گیا ہے اور اس سے ماضی کے برخلاف جاریہ رجسٹریشنس میں خلل نہیں پڑے گا جبکہ سابق میں کئی مہینوں تک رجسٹریشنس روک دئے گئے تھے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ایک ساتھ لاگنگ کرتے ہوئے پورٹل پر دباؤ نہ ڈالیں کیونکہ ایسی ٹریفک سے خدمات میں خلل پڑسکتا ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے پولیس کو ہدایت دی ہے کہ وہ پورٹل کی کارکردگی کو جان بوجھ کر نقصان پہنچانے کی کوششوں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ پنگولیٹی نے یہ بھی اعلان کیا کہ مئی کے پہلے ہفتہ میں ویلیج ریونیو مینجمنٹ آفیسرس کو مقرر کیا جائے گا۔

OWAISI:

حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ اور مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اسدالدین اویسی نے بتایا ہے کہ مسلم پرسنل لاء بورڈ وقف ترمیمی قانون کے خلاف دارالاسلام میں ایک جلسہ عام رکھے گا۔ یہ جلسہ 19 تاریخ کی شام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کل ہند مسلم پرسنل لاء بورڈ کی تلنگانہ اور آندھراپردیش کی یونٹس اور دوسری مسلم تنظیمیں اس جلسہ میں حصہ لیں گی۔ اسدالدین اویسی نے کہا کہ یہ قانون غیر دستوری اور مسلم دشمن ہے۔

DRUNK DRIVING:

سائبرآباد ٹریفک پولیس نے شراب پی کر گاڑی چلانے کو روکنے کے لئے کوششیں تیز کردی ہیں۔ پولیس نے اپنی حدود میں واقع مختلف زونس میں ایک دن میں 247 لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔ پکڑے گئے لوگوں میں 189 ٹووہیلر چلانے والے ہیں دوسروں میں 44 فوروہیلر ڈرائیور، 13 تری وہیلر ڈرائیور اور ایک ہیوی وہیکل ڈرائیور ہے۔ چیوڑلہ زون میں سب سے زیادہ 28 خلاف ورزیاں ریکارڈ کی گئیں۔ سائبرآباد ٹریفک پولیس نے وارننگ دی کہ تمام خاطیوں کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے اور انہیں عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

HSRP:

ٹووہیلرس گاڑیوں کے بشمول لاکھوں گاڑیوں کے مالکین کو فوری نمبر پلیٹ اسٹالیشن کی آن لائن بکنگ کرتے ہوئے ہائی سیکورٹی رجسٹریشن پلیٹس لگانی ہوں گی۔ ایک رپورٹ کے مطابق شہر میں 5 لاکھ سے زیادہ گاڑیوں کو حکومت کے اس فیصلہ پر عمل کرنا ہے جن میں تین لاکھ ٹووہیلر اور 1.5 لاکھ کاریں ہیں۔ یہ ایچ ایس آر پی سسٹم 2013ء میں شروع کیا گیا تھا اور انہیں روایتی نمبر پلیٹس کی جگہ لایا گیا تھا جن سے چھیڑ چھاڑ نہیں کی جاسکتی اور گاڑیوں کی چوری اور جعلسازی کو روکا جاسکتا ہے۔ آرٹی اے کے دفاتر کے پاس اب چالیس ہزار سے پچاس ہزار ایسے ایچ ایس آر پی پلیٹس کا بوجھ ہے۔ پہلی اکتوبر سے ٹرانسپورٹ عہدیدار اور ٹریفک پولیس ایچ ایس آر پی نہ رکھنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کریں گے۔ انہیں پولیوشن سرٹیفکیٹ نہیں دیا جائے گا ان کے بیمہ کی تجدید نہیں ہوگی۔ سڑک پر پابندیاں لگائی جائیں گی اور جرمانے لگائے جائیں گے۔ اس سے بچنے کے لئے گاڑی مالکین کو چاہیے کہ وہ ایچ ایس آر پی پلیٹس لگوائیں۔

G.O.

حکومت کی طرف سے ایس سی زمرہ بندی کی منظوری کے بعد اب ریاستی حکومت جی او جاری کرنے کے لئے تیار ہے۔ جی او کل جاری کیا جائے گا اور پہلی نقل وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو پیش کی جائے گی۔ ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے بتایا کہ تلنگانہ

پہلی ریاست بن جائے گی جو سپریم کورٹ کے فیصلہ کے بعد ایس سی ذیلی زمرہ بندی پر عمل کرے گی۔ جسٹس شمیم اختر کمیشن کی سفارشات پر ذیلی کمیٹی نے رہنما ہدایات کا جائزہ لیا اور جی او جاری کرنے کیلئے قطعی منظوری دے دی۔

BHATTI:

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ تلنگانہ ملک کی واحد ریاست ہے جو راشن کارڈ رکھنے والے استفادہ کنندوں کو باریک چاول دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اِس پہل پر 13 ہزار 523 کروڑ روپے خرچ کر رہی ہے۔ مدھیرا میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت فلاحی اسکیموں پر عمل آوری میں پیچھے نہیں ہٹے گی۔

Sound Byte

Bandi

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی نے ہی بی آر امبیڈکر کی توہین کی تھی جنہوں نے نہ صرف کمزور طبقات کو سامنے لایا بلکہ ایک ایسا دستور لکھا جس نے ہندوستان کو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت بنایا۔ امبیڈکر جینتی تقاریب کے موقع پر بنڈی نے کریم نگر کے امبیڈکر اسٹیڈیم میں پارٹی کارکنوں کی طرف سے نکالی گئی بائیک ریالی میں شرکت کی۔ انہوں نے خود بائیک چلاتے ہوئے امبیڈکر اسٹیڈیم، کوتی رام پور، کمان چوراستہ، ون ٹاؤن پولیس اسٹیشن، گیتا بھون اور سرکٹ ہاؤس سے ہوتے ہوئے کورٹ چوراستہ پہنچے۔ وہاں بی جے پی لیڈرس کے ساتھ انہوں نے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے مجسمہ کو دھویا اور جئے بھیم، جئے بی جے پی جیسے نعرے لگائے۔

Haj

زائرین کو منگل 29 اپریل سے قابل قبول حج پرمٹ کے بغیر مکہ میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا۔ وزارتِ داخلہ سعودی عرب نے حج ادا کرنے والے تمام لوگوں کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے کئی قدم اٹھائے ہیں۔ اس سال اللہ کے مہمانوں کی حفاظت و سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے کئی انتظامات کئے جا رہے ہیں۔